© rasailojaraid.com



# اخبار الوفاق

محمد سیف اللہ نوید
معاون ناظم مرکزی دفتر وفاق

## مولانا عطاء اللہ شاہ کی شہادت، لمحہ فکریہ:

☆......(19 اگست 2017ء) میڈیا سنٹر وفاق المدارس:

ڈیرہ اسماعیل خان میں حضرت مولانا عطاء اللہ شاہ کی شہادت لمحہ فکریہ ہے، علماء کرام کی پے در پے شہادتیں فوری مشاورت اور حکمت عملی طے کرنے کی متقاضی ہیں۔ اگر گزشتہ سانحات میں علماء کرام کے قاتل گرفتار کیے جاتے تو نوبت یہاں تک نہ آتی۔ حکمران بے حسی اور سکوت توڑیں اور علماء کرام کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے ہنگامی اقدامات اٹھائیں۔ علماء کرام کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم العالیہ، حضرت مولانا انوار الحق صاحب دامت برکاتہم العالیہ، حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ اور دیگر نے ڈیرہ اسماعیل خان میں مولانا عطاء اللہ شاہ کی شہادت پر اپنے تعزیتی بیان میں کیا۔

انہوں نے مولانا عطاء اللہ کی شہادت کو لمحہ فکریہ قرار دیا اور ملک بھر کے علماء کرام اور دینی جماعتوں کے قائدین پر زور دیا کہ وہ علماء کرام کی پے در پے ٹارگٹ کلنگ پر وسیع مشاورت کا اہتمام کر کے اس سلسلے کی روک تھام کے لئے حکمت عملی وضع کریں۔ وفاق المدارس کے قائدین نے حکومتی بے حسی کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے مطالبہ کیا کہ حکومت وقت علماء کرام اور عوام الناس کے تحفظ کو یقینی بنائے اور ٹارگٹ کلنگ کی وارداتوں میں ملوث عناصر کی کھوج لگا کر انہیں نشان عبرت بنائے۔ وفاق المدارس کے رہنماؤں نے کہا کہ اگر سابقہ سانحات کی سنجیدگی سے تحقیقات کا سلسلہ آگے بڑھایا جاتا تو مزید واقعات کی نوبت نہ آتی۔ انہوں نے شہید عالم دین کے درجات کی بلندی اور ان کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔ موصوف وفاق المدارس العربیہ کے سابق مسئول تھے۔

## پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، نصاب سے متعلق قوم کی تشویش کا ازالہ کرے:

☆...... (20 اگست 2017ء) میڈیا سنٹر وفاق المدارس:

پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، پاکستان اور اسلام سے متعلقہ مواد کے نصاب سے اخراج پر قوم کی تشویش دور



© rasailojaraid.com